25مارچ2021ء

سرکاری وصولی/ڈیوٹی/ ٹیکس جمع کرنے کے لیے30اور31مارچ2022ءکو متعلقہ برانچیں کھلی رہیں گی

سرکاری وصولی/ڈیوٹی/ ٹیکس جمع کرنے میں سہولت دینے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ آفسز اور نیشنل بینک آف پاکستان کی مجاز برانچیں30اور 31مارچ2022ءکو بالترتیب رات 8.00 بجے اور رات 10.00 بجے تک کام کریں گی۔ چنانچہ نفٹ (این آئی ایف ٹی) کو ہدایت کی گئی ہے کہ 31مارچ2022ء(جمعرات) کو رات 8.00 بجے خصوصی کلیئرنگ کے انتظامات کرے تاکہ ادائیگی کے آلات (payment instruments) کی اسی روز کلیئرنگ ہو سکے۔

چنانچہ تمام بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 31 مارچ2022ء(جمعرات) کو اپنی متعلقہ برانچیں اُس وقت تک کھلی رکھیں جس وقت تک نفٹ کی طرف سے سرکاری لین دین کی خصوصی کلیئرنگ میں سہولت دینے کی ضرورت ہو۔

****